11 ۔ علی بخش

قدرت اللہ شہاب

خلاصہ

قدرت اللہ شہاب مشہور بیوروکریٹ تھے۔ان کی خود نوشت "شہاب نامہ" نے عوام وخواص میں بہت مقبولیت حاصل کی۔ سبق "علی بخش" اسی کتاب سے لیا گیا ہے جس میں مصنف نے علامہ اقبالؔ کے ملازم علی بخش کے حوالے سے اپنی محدود رفاقت کا احوال بیان کیا ہے۔اپنی خود نوشت کے اس اقتباس میں وہ لکھتے ہیں کہ ایک روز میں کسی کام سے لاہور گیا ہوا تھا وہاں بیرسٹر عبدالرحیم سے ملاقات میں پتا چلا کہ اقبالؔ کے ملازم علی بخش کو لائل پور میں حکومت نے ایک مربع زمین عطا کی ہے لیکن قبضہ نہیں مل رہا۔اس سلسلے میں مجھے اس کی مدد کرنی چاہئے۔خواجہ عبدالرحیم نے مجھے جاوید منزل میں علی بخش سے ملوایا وہ جاوید اقبال کی دیکھ بھال کے باعث نہیں جانا چاہتا تھا لیکن خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ راضی ہو گیا۔میں اسے اپنی گاڑی میں بٹھا کر روانہ ہو گیا۔میں نے علامہ اقبالؔ کی بات نہ چھیڑی تو علی بخش خود ہی کہنے لگا اقبالؔ کے بقول سینما کے سامنے جتنا ہجوم ہے اتنا مسجدوں کے سامنے دکھائی نہیں دیتا۔وہ پان نہیں کھاتے تھے۔حقہ پسند کرتے تھے۔سیخ کباب،پلاؤ اور آم پسند کرتے تھے۔ڈاکٹر صاحب نے آخری دن علی الصبح فروٹ سالٹ پیا اور پانچ بج کر دس منٹ پر فوت ہو گئے۔علی بخش کو اقبالؔ کے شعر یاد نہیں تھے۔ڈاکٹر صاحب اپنی نظم "کبھی اے حقیقتِ منتظر" گنگنایا کرتے تھے۔رات دو ڈھائی بجے وضو کر کے نوافل ادا کرتے۔کبھی کبھی رات کو سوتے وقت انہیں ایک جھٹکا سا لگتا۔میں ان کے کمرے کے قریب سوتا تھا۔میں اٹھ کر ان کی گردن کی پچھلی رگوں اور پٹھوں کو دباتا تو وہ ٹھیک ہو جاتے۔ان کے گھر کا حساب کتاب میرے پاس تھا۔وہ درویش آدمی تھے۔اگر کبھی میں سفر میں بھوکا رہتا تو وہ ناراض ہوتے۔لائل پور میں ملنے والے مربع کے سلسلے میں یہاں کے ڈپٹی کمشنر اور دوسرے افسران سے ملتا ہوں تو بڑا احترام دیتے ہیں۔سب علامہ اقبالؔ کی بدولت ہے۔اپریل میں جاوید ولایت سے آئے گا۔جب والدہ کا انتقال ہوا تو جاوید اور منیرا کمسن تھے۔جرمن لیڈی ڈورس احمد ان کی اتالیق مقرر ہوئی۔جھنگ پہنچ کر میں نے اسے ایک رات اپنے پاس رکھا اور صبح اپنے فرض شناس افسر مہابت خاں کے سپرد کیا جس نے کہا کہ اگر ہم یہ معمولی سا کام نہ کر سکیں تو ہم پر لعنت ہو۔

مشق

1-سوالات کے مختصر جوابات

(الف) علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟

جواب: مصنف قدرت اللہ شہاب کسی کام سے لاہور گئے تو وہاں بیرسٹر خواجہ عبدالرحیم صاحب نے بتایا کہ علامہ اقبالؔ کے ملازم علی بخش کو حکومت کی طرف سے جو مربع زمین عطا ہوئی تھی اس کا قبضہ نہیں مل رہا آپ اس کی مدد کریں۔دونوں جاوید منزل گئے اور وہاں مصنف علی بخش سے ملے۔

(ب) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟